## سوال

اسلام علیکم ورحمتہ اللہ

## جواب

گھریلو پریشانیوں کا حل السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میری شادی کو 1/2 سال کا عرصہ ہوگیا ہے اور میری 1 بیٹی بھی ہے ہماری ہربل میڈیسن شاپ ہے میں اپنے والد کے ساتھ اپنی شاپ پر ہی ہوتا ہوں میرے 2 بھائی اور 1 بہن ہے میں بہن بھائیوں میں سب سے بڑا ہوں میرے والدین اور بہن بھائی کوئی بھی مجھ پر اعتماد نہیں کرتا حالانکہ شادی سے پہلے سب ٹھیک تھا مگر شادی کے بعد سب کچھ اچانک بدل گیا مجھ پر پابندیاں لگ گئیں نہ میں اپنے کسی دوستوں سے مل سکتا ہوں نہ میں باہر جا سکتا ہوں میں تو گھر میں قید ہو کر رہ گیا ہوں حالانکہ میں کوئی نشہ یا برا کام بھی نہیں کرتا اس کے برعکس میرے دوسرے بھائیوں پر کوئی پابندی نہیں وہ رات کو 2 یا AM 3 سے پہلے گھر نہیں آتے اپنے دوستوں سے بھی ملتے ہیں مگر ان کو کبھی کسی نے نہیں روکا اس وجہ سے میں زہنی مریض بنتا جا رہا ہوں میرے والدین نے کبھی یہ نہیں سوچا کہ میں شادی شدہ ہوں اور مجھے پیسوں کی بھی ضرورت ہوتی ہے مگر آج تک انہوں نے کبھی مجھ سے نہیں پوچھا کہ تم کو کسی چیز کی ضرورت تو نہیں اگر میں ان سے کہوں کہ کسی فیکٹری میں کام کر لوں تو میری یہ بات بھی نہیں مانتے حالانکہ میرے والدین جو مجھ کو کہتے ہیں میں وہی کرتا ہوں مگر اس کے باوجود میری گھر میں کوئی عزت نہیں اس وجہ سے اکثر سسرال دوستوں اور بیوی کے سامنے بہت شرمندگی ہوتی ہے میرا دل کرتا ہے میں خودکشی یا ان سب کو چھوڑ کر دور چلا جاؤں برائے مہربانی میری اس معاملے میں راہنمائی کریں اور بتائیں کہ مجھے کیا کرنا چاہیے ۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! آپ پریشان ہونے کی بجائے نماز کی پابندی کریں، کثرت سے توبہ واستغفار کریں اور اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں۔ کیونکہ انسان پر آنے والی تمام پریشانیوں کا سبب اس کی بداعمالیاں ہوتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اپنے خاندان کے بزرگ لوگوں کو درمیان میں ڈال کر اس کا کوئی حل تلاش کریں، ضرور کوئی نہ کوئی حل نکل آئے گا، آپ کے والدین نے یہ پابندیاں ضرور آپ کی کسی کوتاہی کی وجہ سے لگائی ہوں گی۔ ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث